نمبر — گزٹ ریاست رامپور — جلد

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مورخہ ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ ممبر صاحبان کونسل خاندان دربارہ اضافہ مبلغ للعہ ماہانہ بمشاہرہ صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان بہادر اہلمد کونسل خاندان - بوجہ کمی تنخواہ -

حکم

صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان اہلمد کونسل خاندان کی تنخواہ مین بموجب رپورٹ چار روپیہ اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء

بنظر مصالح انتظامی اس مرتبہ تاریخ ختم سال حسابی ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء کو بند کر دی جاویگی - حینہ جات سے حسابات ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۷ء تک اجلاس ہمایون مین پہنچ جاوین تاکہ حکم اجرائی ہو کر خرچ مین پڑ سکیں - لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فوراً احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل اس روبکار کی عالیجناب نواب المعہد بہادر کے اجلاس مین مرسل ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

بابت احکام شفاخانہ - جیل - مطبع - سررشتہ انسپکٹری - مدارس - مدرسہ عالیہ - ہائی اسکول کو حکم اجلاس ہمایون کی نقل [illegible] بھیجدی جاوے -

اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

اضافہ

۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

بنابر رپورٹ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر دربارہ رپورٹ بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ تنخواہ بقدر پانچ روپیہ سید عسکری حسن محافظ دفتر سررشتہ بخشیگری تنخواہ دار (عہ) بوجہ خوش اسلوبی کام۔

حکم

سید عسکری حسن کی تنخواہ موجودہ میں یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

بنابر رپورٹ سردار صاحب ڈپوٹی دربارہ منظوری رخصت مزید آٹھ یوم مولوی محمد نبی صاحب جلدساز ملازم کتب خانہ بوجہ علالت من ابتدائے ۱۰ر ستمبر سنہ حال۔

حکم

مزید رخصت آٹھ یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۶ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

بنابر یادداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ صدور حکم مقرر کئے جانے عبدالوحید خان ممبر میونسپلٹی برحلقہ نمبر (۸) بذریعہ ظرایف بجائے مولوی محمد نقی پروفیسر ممبر میونسپلٹی بوجہ عدم واقفیت حالات اہل محلہ و متوطنے سکونت بجلا مذکور۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ بجائے مولوی محمد نقی پروفیسر ممبر میونسپلٹی کے عبدالوحید خان کو نمبر (۸) پر حلقہ بذریعہ ظرایف ممبر میونسپلٹی مقرر کیا جانا منظور ہے۔ اور مولوی محمد نقی پروفیسر کو ممبر سرکاری میونسپلٹی میں بنایا جانا منظور ہے۔ اب بجائے (۳۵) کے (۳۶) ممبر میونسپلٹی میں ہوں گے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۱ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

صیغہ میونسپلٹی صاحب ملٹری سکریٹری کا کام اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے تخفیف کر دیا گیا اور سکریٹریٹ سے منتقل کیا جائیگا۔ بصورت ڈپارٹمنٹ نہیں رہیگا چونکہ بہ صیغہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے تفویض تھا اسکے تخفیف ہو جانے سے انکے پاس کام کم صرف صیغہ میونسپلٹی رہ گیا۔ اور صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس صیغہ جات بہت زیادہ ہیں حال ہی میں ایک بہت بڑا صیغہ (انہار) انکے ڈپارٹمنٹ میں شامل ہوا ہے۔ مناسب ہے کہ صیغہ روشنیخانہ جات صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے تفویض کیا جائے۔ تاکہ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو صیغہ جات تعمیرات۔ انہار۔ بجلی گھر وغیرہ وغیرہ کی جانب توجہ کرنے کے لئے کافی وقت ملسکے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سے روشنیخانہ جات کا تعلق بدستور رہیگا۔ آیندہ سے صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کاغذات روشنیخانہ جات بجائے صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

اہلکاران متعینہ اجلاس ہذا تنخواہیں و الاؤنس صیغہ سکریٹریٹ و پرنسز بجٹ سے پاتے ہیں سال سنہ ۲۶-۱۹۲۷ء سے اجلاس ہذا کا بجٹ علیحدہ قایم ہو گیا۔ چونکہ تنخواہ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء کی بجٹ سال سنہ ۲۶-۲۷ء سے محسوب ہوگی بنابراں مستقل تنخواہ حسب ذیل منظور کیجاتی ہے۔

۱۔ میجر عطاء الرحمن صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کو تین سو روپیہ ماہوار صیغہ سکریٹریٹ سے ملتے ہیں اب بجٹ اجلاس ہذا سے ملینگے۔

۲۔ منشی ظہیر الحسن پیشکار اجلاس کو ساٹھ روپیہ ماہوار پرنسز بجٹ سے اور (عہ) الاؤنس صیغہ سکریٹریٹ سے ملتے ہیں (عہ) ماہوار الاؤنس شامل تنخواہ ہو کر (للعہ) بجٹ اجلاس ہذا میں منتقل کئے جائیں۔

۳۔ سید شوکت علی انگلش کلرک (عہ) اور مرزا فدا حسین دفعدار سائیکل سوار (لعہ) ماہوار اور سردار شاد علی دفتری (لعہ) ماہوار شفیع احمد خان و چمن خان چپراسیان (عہ) (عہ) دس دس روپیہ ماہوار صیغہ پرنسز بجٹ سے پاتے ہیں یہ جملہ تنخواہیں بجٹ اجلاس ہذا میں منتقل کیجائیں اور آیندہ سید شوکت علی ہیڈ کلرک اجلاس کے نام سے موسوم کیا جائے بجٹ اجلاس ہذا بتعداد (للعہ) بنابر سال سنہ ۲۶-۱۹۲۷ء منظور ہوا ہے۔ جملہ کام جداگانہ جاری ہو گئے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہذا صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا صاحب فائننشل سکریٹری بہادر کے پاس برائے
اطلاع خزانہ و دفتر مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا صاحب سپرنٹنڈنٹ
[illegible] صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible] کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل برائے اندراج
گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ [illegible] تنخواہ کا [illegible] ماہ ستمبر ۱۹۲۶ء سے کیا جائے
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

معافی

۲۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

سید شوکت علی انگلش کلرک کو اس سے قبل چار یوم کے واسطے معطل کیا گیا تھا بنظر
عنایت [illegible] معطلی متصرحہ بالا معاف کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل [illegible] گزٹ ہو
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

توسیع

۲۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مفصلہ تحت بر بنائے
رپورٹ صاحب [illegible] سکریٹری بہادر مفصلہ تحت۔

حکم

محمد علیخان اور محمد احمد خان سینیٹری انسپکٹران کی ملازمت عارضی میں بسلسلہ
انتظام [illegible] چھ ماہ کی توسیع منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور شہزادہ آفاق عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

جناب عالی

سینیٹری انسپکٹران کے متعلق رپورٹ صاحب چیف میڈیکل افسر مفصلہ ذیل ہے۔ کاغذات
ابلاغ اجلاس حضور [illegible] والا ہے

مرقومہ [illegible] صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر مورخہ ۲۱ ستمبر ۱۹۲۶ء

[illegible] کاغذات گزارش ہے کہ باوجود تلاش کے ابتک کام کے آدمی سینیٹری انسپکٹر
کی جگہ کے واسطے نہیں ملے۔ موجودہ عارضی سینیٹری انسپکٹر درحقیقت کام کے آدمی
نہیں مگر سیکھا ہوا آدمی نہ ملنے کی وجہ سے عارضی طور پر کام لیا جا رہا ہے۔ چونکہ کوئی باقاعدہ
سیکھا ہوا افسر ہی نہیں تھا۔ سینیٹری انسپکٹران کو کام سیکھنے کا موقع نہیں ملا۔ مگر وہ [illegible]
سینیٹری انسپکٹران محنت ضرور کرتے رہیں۔ لہذا گزارش ہے کہ محمد علیخان اور محمد احمد [illegible]
کی ملازمت عارضی کے چھ ماہ کے واسطے توسیع منظور فرمائی جاوے۔ اس عرصہ میں اگر
یہ لوگ کام سیکھ گئے تو مستقل ہونے کی گزارش کی جائیگی۔ یا کوئی اور کام سیکھا ہوا شخص مل جائیگا
کاغذات توسط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد مشمولہ حاکم صاحب صدر دربارہ
منظوری رخصت مزید پندرہ یوم منشی ابن علی نورمال تحصیل شاہ آباد من ابتدا
[illegible] ستمبر ۱۹۲۶ء [illegible]
[illegible]

حکم

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد و حاکم صاحب صدر رخصت پندرہ یوم مزید ابن علی
نورمال تحصیل شاہ آباد [illegible] منظور ہے۔ ایام رخصت کی نصف تنخواہ [illegible] کو
دیجاوے۔ اور نصف تنخواہ [illegible] سرکار ہو۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل درخواست منشی محمود علیخان اہلمد اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
بابت عطاء رخصت مزید ہشت یوم بوجہ تقاضائے ضرورت [illegible] ۲۰ ستمبر

حکم

رخصت آٹھ یوم سائل مزید منظور ہے۔ جو اہلمد صدر سے سائل کے متعلق کام کرنے کو آیا ہے
وہ تا ختم رخصت بدستور رہے اور سائل کو ذریعہ تار اطلاع دیجائے کہ ختم رخصت پر حاضر ہو
سائل کا وقت ہے تاکہ کام میں دقت نہ ہو۔ احکام جاری ہوں۔ سررشتہ [illegible] صدر کو بھی
اطلاع دیجائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل نوٹ حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت عزیز الرحمن خان

نائب رسالدار صدر۔

حکم

یہ کاغذات پیش ہوئے۔ نوٹ حاکم صاحب صدر مورخہ ۲۲ ستمبر سنہ حال ملاحظہ ہوا
نائب رسالدار صدر کے متعلق ذمہ داری کا کام ہے۔ وہ کسی اہلمد کے سپرد نہیں کیا جا سکتا۔
بنظر مناسب حکم ہوا کہ نائب رسالدار صدر کی رخصت بیں یوم من ابتداء ۲۰ ستمبر سنہ حال
وضع تنخواہ منظور رہے۔ ایام رخصت میں رسالدار صدر کا کام متعلقہ نائب رسالدار صدر
انجام دیں۔ اور کام رسالدار صدر محمد حمایت اللہ خان جو صدر میں امیدوارانہ کام
سیکھ رہے ہیں وہ کام انجام دیں۔ رسالدار صدر حمایت اللہ خان کو کام متعلقہ سمجھا دیں
حاکم صاحب صدر نائب رسالدار صدر کو اطلاع دیں کہ ختم رخصت پر حاضر ہوں۔ آئندہ
رخصت نہیں دیجائیگی۔ کیونکہ کام کا زمانہ ہے۔ اور یہ کام تکمیل امانت ضمانت جلد ختم ہونیکی
ضرورت ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ ستمبر ۱۹۲۷ء

مثل رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست بابت منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم
حافظ نصیر احمد خان اہلمد بندوبست بسلسلہ رخصت سابقہ من ابتدائے
۱۱ ستمبر سنہ حال بوجہ تاخیر سے ملنے جواز

حکم

رخصت مطلوبہ حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے بشیر الاسلام مدرس بھوٹ کی تحصیل شاہ آباد
کی مدت ملازمت امتحانی میں یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس کرامت علیخان مدرس ریوڑی تحصیل شاہ آباد کی
ملازمت امتحانی میں یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا۔ حکم ہوا کہ۔
نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ سید شوکت حسین نائب مدرس مدرسہ گیری کی مدت
ملازمت امتحانی میں ۳۰ ستمبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے کشوری لال مدرس کوپ تحصیل شاہ آباد کی مدت
ملازمت امتحانی میں یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ قدرت اللہ خان مدرس دوم مدرسہ گیر قلندر خان کی
مدت ملازمت امتحانی میں ۲۰ ستمبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا حکم ہوا کہ
نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۸ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ الٰہی بخش مدرس پنجاب نگر پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ دس
روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ دھانی حسن پور تحصیل بلاسپور کو کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتداء ۲۰ ستمبر لغایتہ ۲۶ ستمبر ۱۹۲۷ء رامپور

تاریخ روز	صدر تحصیل		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۰ ستمبر ۱۹۲۷ء روز سہ شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۷۶	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۲۸	۰	۳۸۵
۲۱ ” ” ” چہار شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۲ ” ” ” پنجشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۳ ” ” ” جمعہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۴ ” ” ” شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۵ ” ” ” یکشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۶ ” ” ” دوشنبہ	۰	۴۱۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۳۴۷½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵

ہفتہ اول نقشہ اجناس ریاست رامپور - ماہ اکتوبر ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۰	۰		[illegible]	[illegible]	
نخود خالص	۸ ار ۸ ار	۰	۰	۰	۱۶ ار	۹ ار	
نخود کسہ آمیز	۹ ار ۹ ار	۰	۰	۰	۱۰۵ ار	۱۰۹ ار	
کسہ	۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	
ماش	[illegible]	۰	۰	۰	۶	۱۰۵ ار	
مونگ	۵ ار ۵ ار	۰	۰	۰	۰	۵ ار	
مکا	۱۱ ار ۱۱ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۱۱ ار	
جَو	۱۳ ار	۰	۰	۰	۰	۱۱ ار	
گوجئی	۱۲ ار	۰	۰	۰	۰	۹ ار	
عدس	[illegible]	۰	۰	۰	۷ ار	۹ ار	
ارہر	۶	۰		۰	۷ ار	۶ ار	
برنج	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	۱۵ ار	
روغن زرد	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	۰	۰	۰	۱۰۱ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۰	۰	۰	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۰	۰	۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	[illegible]	۰	۰	۰	۸ ار	۸ ار	
باجرہ	۹ ار	۰	۰	۰	۱۰	۹ ار	